دستخط نگران کار

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

Booklet Serial No.

## پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2024

PhD (Urdu Culture Studies) Entrance Test Question Paper, June 2024

ہال ٹکٹ نمبر

For Office Use

وقت : دو گھنٹے

نمبرات : 70

OMR Serial No.

For Office Use

مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز)

انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2024

PhD (Urdu Culture Studies) Entrance Test Question Paper, June 2024

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ آخر کا ایک صفحہ Rough Work کے لیے دیا گیا ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
3. یہ کتابچے دو حصوں (Parts A,B) پر مشتمل ہے۔ پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue / Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔ حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچہء سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

# (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ ''لسانی مطالعے'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مرزا خلیل احمد بیگ (B) گیان چند جین

(C) خلیق انجم (D) نصیرالدین ہاشمی

2۔ ''اردو میں لسانیاتی تحقیق'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) عبدالستار دلوی (B) محمود شیرانی

(C) محمد انصاراللہ (D) قمر رئیس

3۔ ''زبان اور قواعد'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) نورالحسن نقوی

(C) رشید حسن خاں (D) گیان چند جین

4۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
| --- | --- |
| A۔ دو زبانیں، دو ادب | I۔ مولوی عبدالحق |
| B۔ پنجاب میں اردو | II۔ نورالحسن نقوی |
| C۔ فن تنقید اور اردو تنقید نگاری | III۔ عبدالستار دلوی |
| D۔ اردو صرف و نحو | IV۔ محمود شیرانی |

(A) AIII, BIV, CII, DI (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) DIV, CI, BII, A (D) BIII, CII, AI, DIV

5۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب مولوی عبدالحق کی نہیں ہے۔

(A) قدیم اردو (B) چند ہم عصر

(C) اردو املا (D) قواعد اردو

6۔ درج ذیل میں سے کون سا جوڑ غلط ہے۔

(A) رشید حسن خاں۔ قصص ہند (B) محی الدین قادری زور۔ ہندوستانی لسانیات

(C) محمد حسین آزاد۔ سخن دان فارس (D) شوکت سبزواری۔ اردو لسانیات

7۔ ''اپنی تلاش میں'' کس کی خودنوشت ہے؟

(A) کلیم الدین احمد (B) تنویر احمد علوی

(C) عبدالستار دلوی (D) احتشام حسین

8۔ ''مرحوم دہلی کالج'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) خواجہ احمد فاروقی (B) مالک رام

(C) نثار احمد فاروقی (D) مولوی عبدالحق

9۔ سندی تحقیق کے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے:

(A) ایسی تحقیق جو کسی ڈگری کے لیے کی جاتی ہے۔

(B) ایسی تحقیق جس کی تکمیل کے لیے معینہ مدت ہوتی ہے۔

(C) ایسی تحقیق جس میں ایک نگراں ہوتا ہے یعنی تحقیق کار آزاد نہیں ہوتا۔

(D) ایسی تحقیق جس میں کسی ممتحن کی ضرورت نہیں ہوتی۔

10۔ تحقیق کے موضوع پر مبنی تصانیف اور مصنفین کے مابین صحیح میل کیجیے:

| تصانیف | مصنفین |
|---|---|
| A۔ ادبی تنقید اور لسانیات | I۔ شمس الرحمٰن فاروقی |
| B۔ جدید اردو تنقید۔ اصول و نظریات | II۔ کلیم الدین احمد |
| C۔ اردو تنقید پر ایک نظر | III۔ شارب ردولوی |
| D۔ عروج آہنگ اور بیان | IV۔ گوپی چند نارنگ |

(A) AIV, BIII, CI, DII (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) AIII, BII,CIV, DIII (D) AI,BII, CIII, DIV

11۔ تحقیق اور تنقید کے متعلق کون سے بیان درست ہیں:

I۔ ایک محقق، تنقیدی مہارت کے بغیر تحقیق نہیں کر سکتا۔

II۔ نقاد کو محقق ہوئے بغیر چارہ نہیں ہے۔

III۔ تنقید میں تحقیقی مہارت کی قطعی ضرورت نہیں ہوتی۔

IV۔ تحقیقی علم کے بغیر تنقید محض خیالی بات بن کر رہ جاتی ہے۔

(A) II, III, IV (B) I,II, III

(C) I,II, IV (D) I, III, IV

12۔ غیر سندی تحقیق کے متعلق درج ذیل میں سے کون سا بیان غلط ہے:

(A) ایسی تحقیق جو کسی ڈگری کے لیے نہیں کی جاتی ہے۔ (B) غیر سندی تحقیق صرف انفرادی ہوتی ہے، اجتماعی نہیں۔

(C) ایسی تحقیق جسے اساتذہ یا دوسرے اہلِ شوق کرتے ہیں۔ (D) اس کا معیار سندی تحقیق سے کافی برتر ہوتا ہے۔

13۔ تحقیق و تدوین کی اصطلاح ''حواشی'' سے کیا مراد ہے؟

(A) حروف تہجی کے اعتبار سے کسی کتاب کی فہرست۔ (B) شرح یا توضیح جو کسی کتاب کے متن سے باہر یا الگ لکھی جائے۔

(C) کسی کتاب میں پیش کردہ مقدمہ یا پیش لفظ۔ (D) کسی کتاب یا اقتباس کا دیا گیا حوالہ۔

14۔ درج ذیل کالم-I اور کالم-II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم-I | کالم-II |
|---|---|
| A۔ گلشن بے خار | I۔ حکیم سید عبدالحئی |
| B۔ گلشن ہند | II۔ میر تقی میر |
| C۔ نکات الشعرا | III۔ حیدر بخش حیدری |
| D۔ مجموعۂ نغز | IV۔ نوان مصطفٰے خاں شیفتہ |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AII, BIII, CIV, DI

(C) AII, BI, CIV, DIII (D) AIV, BIII, CII, DI

15۔ تحقیق کی اصطلاح ''اسماء الرجال'' سے کیا مراد ہے؟

(A) متن کے کسی اندراج میں تصحیح و ترمیم۔

(B) اشاریے میں اشخاص کے نام۔

(C) حوالہ جات کی ہجائی ترتیب۔

(D) کسی نسخے میں رموز واوقاف اور لفظوں کی تقسیم۔

16۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| **کالم۔I** | **کالم۔II** |
|---|---|
| A۔ نفسیاتی تحقیق | I۔ ادب کا لسانیاتی مطالعہ |
| B۔ تاریخی تحقیق | II۔ ادب کا تہذیبی تجزیہ |
| C۔ تہذیبی تحقیق | III۔ تاریخ اور ادب کے مشترکہ موضوعات کا مطالعہ |
| D۔ لسانیاتی تحقیق | IV۔ ادب اور ادیب کا نفسیاتی مطالعہ |

(A) AI, BII, CIII, DIV
(B) AII, BIII, CIV, DI
(C) AII, BI, CIV, DIII
(D) AIV, BIII, CII, DI

17۔ کوئی کتاب یا قلمی نسخہ، جو بیک وقت ناقص الاول اور ناقص الآخر ہو، اسے کیا کہا جاتا ہے؟

(A) ناقص الاوّل
(B) ناقص الآخر
(C) ناقص الاوسط
(D) ناقص الطرفین

18۔ درج ذیل میں سے کون سے بیان درست ہیں:

I۔ سائنسی تحقیق میں حقائق کی اہمیت ہوتی ہے۔
II۔ ادبی تحقیق میں فکر کی اہمیت ہوتی ہے۔
III۔ سماجی سائنس میں حقائق اور افکار دونوں کی اہمیت ہوتی ہے۔
IV۔ تحقیق میں موجودہ حقائق کی دریافت ہوتی ہے۔

(A) II, III, IV
(B) I,II, III
(C) I,II, IV
(D) I, III, IV

19۔ نقاد کے فرائض سے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

I۔ نقاد کا اصل کام تشریح وتاویل ہے۔
II۔ نقاد کا مقصد تخلیق کے تخلیقی عمل اور اظہار کی جمالیات کو پرکھنا ہے۔
III۔ نقاد اپنی ذاتی پسند تک محدود رہ کر لکھ سکتا ہے۔
IV۔ نقاد، حقائق کی عملی طریقے سے تنظیم وگروہ بندی کرتا ہے۔

(A) II, III, IV
(B) I,II, IV
(C) I,II, III
(D) I, III, IV

20۔ محقق کے متعلق درج ذیل میں کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ ایک محقق کو معروضی رہنا لازمی ہے۔

II۔ محقق کا مقصد موجودہ علم میں اضافہ کرنا ہے۔

III۔ محقق کے لیے جملہ حقائق کو پیشِ نظر رکھنا ضروری نہیں ہے۔

IV۔ محقق جملہ حقائق کو جمع کر کے ان کا تجزیہ کرتا ہے۔

(A) II, III, IV (B) I,II, IV

(C) I,II, III (D) I, III, IV

21۔ تحقیق کے عناصر سے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے۔

I۔ نامعلوم کی دریافت۔ II۔ معلوم کی نئی تشریح۔

III۔ علم کے دائرے کی توسیع۔ IV۔ تخلیقی اسلوب۔

(A) II, III, IV (B) I, III, IV

(C) I,II, IV (D) I,II, III

22۔ ''اردو کی ابتدا پنجاب میں ہوئی''، یہ کس کا نظریہ ہے؟

(A) مسعود حسین خاں (B) حافظ محمود شیرانی

(C) نصیرالدین ہاشمی (D) گارساں دتاسی

23۔ ''ذکرِ غالب'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی (B) مالک رام

(C) الطاف حسین حالی (D) تنویر احمد علوی

24۔ انشاللہ خاں انشا کی تصنیف ''دریائے لطافت'' کا تعلق کس موضوع سے ہے؟

(A) اردو تذکرہ (B) فارسی تذکرہ

(C) اردو لسانیات اور قواعد (D) اردو ادب کی تاریخ

25۔ '' فلسفۂ تاریخ کا ایک راز ہے کہ جو بات جتنی مشہور ہوتی ہے، اتنی ہے غلط ہوتی ہے''، یہ دعویٰ کس کا ہے؟

(A) شبلی نعمانی (B) سرسید احمد خاں

(C) قاضی عبدالودو (D) رشید حسن خاں

## Section -II (Urdu Culture Studies)

26۔ ملاوجہی کی مثنوی ''قطب مشتری'' کے متعلق کون سے بیان درست ہیں۔

I۔ مثنوی کی ہیروئن 'مشتری'، بیجاپور کی شہزادی تھی۔

II۔ اس میں قلی قطب شاہ کے عشق کا بیان ہے۔

III۔ اس کی تصنیف 1609ء میں ہوئی تھی۔

IV۔ اس مثنوی کی پہلی بار دریافت مولوی عبدالحق نے کی تھی۔

(A) I, II, III (B) I,II,IV

(C) II, III, IV (D) I,III,IV

27۔ رستمی کی مثنوی ''خاورنامہ'' کے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

I۔ یہ اردو کی پہلی ضخیم رزمیہ مثنوی ہے۔

II۔ اس مثنوی میں عادل شاہی عہد کی تہذیب و معاشرت کی ترجمانی کی گئی ہے۔

III۔ یہ مثنوی ابن حسام کی فارسی مثنوی خاورنامہ کا ترجمہ ہے۔

IV۔ اس مثنوی میں محمد عادل شاہ کے جنگی معرکوں کی داستان پیش کی گئی ہے۔

(A) I, II, III (B) I,II,IV

(C) II, III, IV (D) I,III,IV

28۔ ''حیدرآباد کی مشترکہ تہذیب'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) نصیرالدین ہاشمی (B) محی الدین قادری زور

(C) ہارون خاں شیروانی (D) اقبال جہاں قدیر

29۔ ''چہار بیت'' کے متعلق کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ چہار بیت کو لوک گیت کے زمرے میں شامل کیا جاتا ہے۔

II۔ اسے ''پٹھان راگ'' کے نام سے بھی موسوم کیا جاتا ہے۔

III۔ اسے دَف کی تھاپ پر گایا جاتا ہے۔

IV۔ یہ افغانی پٹھانوں کی محبوب ترین غنائیہ صنف سخن ہے۔

(A) I, II, III (B) I,II,IV

(C) I, II, III, IV (D) I,III,IV

30۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ غواصی | I۔ دریائے عشق |
| B۔ میرتقی میر | II۔ سیف الملوک وبدیع الجمال |
| C۔ مرزا شوق لکھنوی | III۔ علی نامہ |
| D۔ نصرتی | IV۔ زہرعشق |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AII, BI, CIV, DIII
(C) AIV, BII, CIII, DIV (D) DI, CII, BIII, AIV

31۔ موسیقی کے موضوع پرمبنی تصنیف ''بنی'' کس کی ہے؟

(A) امیر خسرو (B) عبدالحلیم شرر
(C) واجد علی شاہ (D) رجب علی بیگ سرور

32۔ ہندوستان کی پہلی بولتی فلم کون سی تھی ؟

(A) عالم آرا (B) راجا ہریش چندر
(C) بندروں کا تماشا (D) ماروپل آف دی سینچری

33۔ اردو کے ممتاز شاعر شہریار نے درج ذیل میں سے کس فلم کا نغمہ لکھا تھا؟

A۔ امراؤ جان ادا B۔ پاکیزہ
C۔ مغلِ اعظم D۔ محبوب کی مہندی

34۔ ستیہ جیت رے کی فلم ''سدگتی'' اردو کے کس افسانے پرمبنی ہے؟

(A) گرم کوٹ (B) نجات
(C) آخری کوشش (D) کفن

35۔ درج ذیل میں سے کون سا کردار امتیاز علی تاج کے ڈراما 'انارکلی' کا نہیں ہے؟

(A) سلیم (B) بختیار
(C) نوشابہ (D) دلارام

36۔ ''ہماری قومی ثقافت'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) فیض احمد فیض (B) سبط حسن رضوی
(C) وزیر آغا (D) سید عابد حسین

37۔ ''تاریخ تمدن ہند'' کس کی کتاب ہے؟

(A) مولوی ذکاءاللہ (B) محمد مجیب

(C) ہارون خاں شیروانی (D) نصیرالدین ہاشمی

38۔ ''ہند اسلامی تہذیب کا ارتقا'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ڈاکٹر سید عبداللہ (B) عمادالحسن آزاد فاروقی

(C) عبدالمجید سالک (D) تاراچند

39۔ 'فسانۂ عبرت'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) میر محمد حسین عطا خاں تحسین (B) عبدالحلیم شرر

(C) میر امن (D) رجب علی بیگ سرور

40۔ ''ہندوستان کی موسیقی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) عبدالحلیم شرر (B) استاد چاند خاں

(C) خان محمد افضل خاں (D) سالک رام

41۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ اردو گیت | I۔ اظہر علی فاروقی |
| B۔ لوک گیت | II۔ غلام حسین اظہر |
| C۔ گوجری پہاڑی لوک گیت | III۔ عبدالخالق |
| D۔ مسلم معاشرے میں لوک گیت | IV۔ قیصر جہاں |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AIV, BI, CII, DIII

(C) AII, BI, CIV, DIII (D) AII, BIII, CIV, DI

42۔ ''لکھنؤ کی تہذیبی میراث'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) صفدر حسین (B) مرزا جعفر حسین

(C) شیخ تصدق حسین (D) مسعود حسین رضوی ادیب

43۔ 'اردو میں بارہ ماسے کی روایت'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) اظہر علی فاروقی (B) محمد افضل افضل

(C) تنویر احمد علوی (D) شکیل الرحمٰن

44۔ ''اسلام کا ہندوستانی تہذیب پر اثر'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عبداللہ مصری (B) ڈاکٹر تاراچند

(C) عزیز احمد (D) کے۔کے۔کھلّر

45۔ ''لوک کہانیاں بھارت سے'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) کلیم الدین احمد (B) گیان چند جین

(C) اے۔کے۔راما نجن (D) فرمان فتح پوری

46۔ ہندوستانی ریاستوں میں رائج لوک رقص کے پیش نظر کالم I اور کالم II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ جلی کٹو | I۔ پنجاب |
| B۔ نوٹنکی | II۔ بہار |
| C۔ جٹ جاٹن | III۔ اتر پردیش |
| D۔ گِدّھا | IV۔ تمل ناڈو |

(A) AI,BII,CIII,DIV (B) AIII, BII, CIV, DI

(C) AIV, BIII,CII,DI (D) AII, BI, CIV,DIII

47۔ اردو ڈراما اور اس کے مصنف کے پیش نظر کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ چرن داس چور | I۔ آغا حشر کاشمیری |
| B۔ حبہ خاتون | II۔ حبیب تنویر |
| C۔ صید ہوس | III۔ محمد حسن |
| D۔ محل سرا | IV۔ محمد مجیب |

(A) AI, BII,CIV, DIII (B) AIII, BIV,CII, DI

(C) AII, BIV,CI, DIII (D) AIV, BI,CII, DIII

48۔ آغا حشر کاشمیری کا درج ذیل میں سے کون سا ڈراما نہیں ہے؟

(A) سیتا بن باس (B) ضحاک

(C) سلور کنگ (D) بھیشم پرتگیا

49۔ ''کتاب الہند'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) ابوالفضل فیضی (B) ابن بطوطہ

(C) سید علی بلگرامی (D) ابوریحان البیرونی

50۔ لوک رقص ''لاونی'' سے متعلق درج ذیل میں کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ یہ مہاراشٹر کا ایک مقبول لوک رقص ہے ۔

II۔ اس میں رقص اور گیت کا مرکب ہوتا ہے۔

III۔ اسے خصوصی طور پر ڈھولک کی تھاپ پر پیش کیا جاتا ہے۔

IV۔ اسے فصل کی کٹائی کے دوران مردوں کے ذریعے پیش کیا جاتا ہے۔

(A) I,II,IV (B) II,III, IV

(C) I,II,III (D) I,III,IV

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

چاروں سوالات کے جواب لکھیے: **(4 X 5 = 20 marks)**

**(Research Methodology)**

1۔ تحقیق کے اصول اور تقاضوں پر روشنی ڈالیے۔

2۔ تحقیق اور تنقید کے امتیازات کی نشاندہی کیجیے۔

**(Subject Concerned)**

3۔ تہذیب اور ثقافت کے امتیازات کی وضاحت کیجیے۔

4۔ ہندوستان میں مشترکہ تہذیب کی روایت پر نوٹ لکھیے ۔

**Rough Work**